ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔ 02199212639

جوئے اور جھوٹی ایف آئی آرز درج کرانیوالوں کے خلاف سندھ بھر میں ہفتہ وار مہم کا آغاز کیا جائے۔ آئی جی سندھ

کراچی 31 جنوری 2019ء:۔

ترجمان سندھ پولیس کے دفتر سے جاری ایک اعلامیئے کے مطابق آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے صوبے بھر میں جوئے/گیمبلنگ اور جھوٹی ایف آئی آرز کے اندراج میں ملوث عناصر کیخلاف ہفتہ وار مہم کے آغاز کی ہدایات جاری کرتے ہوئے زونل ڈی آئی جیز کراچی سمیت سندھ پولیس کی دیگر رینج کے ڈی آئی جیز سے کہا ہے کہ اپنی نگرانی/سپرویژن میں جوئے/گیمبلنگ اور جھوٹے کیسز کے اندراج کے حوالے سے نا صرف انسدادی اقدامات بلکہ ملوث عناصر کیخلاف پاکستان پینل کوڈ (PPC) کی دفعات 211 اور 182 کے تحت تمام تر قانونی کاروائیوں کو بھی یقینی بنایا جائے۔

ترجمان سندھ پولیس نے بتایا کہ سندھ بھر میں مذکورہ مہم کا آغاز مورخہ یکم فروری 2019ء سے کیا جارہا ہے۔

-/-/-/-/-/-/-/-/-